# OPEN ریستوران

## نشستوں کا ترتیبی معیار

فروری 2021

**13 نومبر 2020 سے، بارز اور ریستورانوں کو رات 10 بجے سے صبح 5 بجے تک شخصی سروس کے لیے بند کرنے کی ضرورت ہے۔ رات 10 بجے کے بعد، بارز اور ریستوران کرب سائیڈ پر کھانے کی پک اپ یا ڈیلیوری کر سکیں گے، لیکن وہاں الکحل پیش کرنے کی ممانعت ہے۔**

## برفباری (مسلسل)

— اگر آپ اپنے روڈ وے سیٹ اپ کو ہٹانے یا مستحکم کرنے سے قاصر ہیں، تو آپ کو ترغیب دی جاتی ہے کہ برف کو ہٹانے کی کارروائیوں کی وجہ سے ہونے والے نقصان سے اپنے اثاثے کی حفاظت کے لیے اقدامات کریں۔ محکمہ صحت و صفائی (DSNY) (Department of Sanitation) نے تربیتی مشقوں کا انعقاد کیا ہے جن میں دونوں جانب روڈ ویز سیٹ اپس والی تنگ گلیوں میں برف ہٹانے کی نقلی کارروائیاں شامل ہیں۔ DSNY یہ یقینی بنانے کے لیے ریستورانوں کے لیے ایک ہدف کردہ آوٹ ریچ کا انعقاد کرے گا کہ سیٹ اپس DOT کے نشستوں کے ترتیبی معیار پر پورا اترتے ہیں اور یہ کہ سڑکوں پر اچھی طرح سے برف ہٹانے والی مشین چلائی جائے اور ان سے گزرا جا سکے۔

- منتقلی کی صورت میں اپنے سیٹ اپ کی چیزوں کی مرئیت کو بڑھانے کے لیے برف کی اسٹکس کا استعمال کریں
- Notify NYC کے ذریعے آپ برفباری کے انتباہات اور برفباری سے متعلقہ تمام تر اپ ڈیٹس وصول کرنے کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ NYC کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے، 311 پر کال کریں، nyc.gov/notifynyc کو ملاحظہ کریں، یا Twitter پر @NotifyNYC کو فالو کریں

## ریستوران کے مالک درج ذیل کر سکتے ہیں

- بیریئرز کو میٹرڈ زون، متبادل سائیڈ پارکنگ، یا ہر وقت نو پارکنگ زون کے اندر لگائیں، بشرطیکہ جب استعمال میں نہ ہوں تو میزوں اور کرسیوں کو ہٹا دیا جائے یا محفوظ کر لیا جائے
- جب کرب کے ساتھ بیٹھنے کی اجازت ہو، تو ADA کی تعمیل میں سہولت فراہم کرنے کے لیے کرب کے ساتھ اونچائی کو ہموار کرنے کے لیے مطلوبہ بیریئر کے پیچھے پلیٹ فارم انسٹال کریں، کرب سے ٹکرا کر گرنے کے خطرے سے بچائیں، اور نکاسی آب کو نشستوں کے نیچے سے گزرنے کی اجازت دیں
  - —اس طرح کے پلیٹ فارمز کو کرب یا کرب کے ساتھ بارش کے پانی کی نکاسی کو نہیں روکنا چاہیئے
  - —اس طرح کے پلیٹ فارمز کو یوٹیلٹی کورز تک رسائی یا ہوا کی آمد و رفت کو نہیں روکنا چاہیئے

## عمومی

- لازمی طور پر DOHMH کھانے کی سروس کے قیام کے اجازت نامے کے ساتھ گراؤنڈ فلور، اینٹ اور گارے کا ریستوران یا بار ہونا چاہیئے
- NYC کھلے ریستوران کی درخواست اس استعمال کا احاطہ نہیں کرتی جو نجی ملکیت کے اندر آتا ہے (جیسے کہ پچھلا صحن، سامنے کا صحن، وغیرہ۔)
- لازمی طور پر ADA کی تعمیل کرنی چاہیئے
- درخواست گزار کو تمام میز، کرسیاں، بیریئرز، اور ریمپس فراہم کرنا ہوں گے۔ روڈ وے یا سائیڈ واک پر کوئی چیز نصب نہیں کی جا سکتی
- استعمال میں نہ ہونے پر میز اور کرسیوں کو لازمی طور پر ہٹا دیں یا کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں

## درخواست

- ویب سائٹ: nyc.gov/openrestaurants
- کاروبار کو لازمی طور پر از خود تصدیق کرنی چاہیئے کہ آیا وہ درخواست میں بیان کردہ تمام تر شرائط کی تعمیل کرتے ہیں Siting Criteria
- اگر کاروبار الکحل پیش کرنا چاہتا ہے، اگر ریستوران مطلوبہ SLA معلومات فراہم کرتا ہے تو NYC کھلے ریستوران کی درخواست NY اسٹیٹ لیکور اتھارٹی (SLA) کے آن پریمسز لائسنس کی توسیع کے لیے ون اسٹاپ شاپ ہے۔
- جمع کروانے کے فوری بعد کاروبار کو قبول یا مسترد کر دیا جائے گا

## صحت

- کاروباروں کو لازمی طور پر ریاست اور شہر کی صحت کے تمام تر تقاضوں کی تعمیل کرنی چاہیئے
- بیرونی جگہوں اور ٹیک آؤٹ ڈیلیوری کے بارے میں DOHMH کی جانب سے رہنمائی
- بیرونی جگہ کے لیے ریاست نیو یارک کے شعبہ صحت کی عبوری مدتی رہنمائی
- پبلک کو لازمی طور پر "چار اساسی" باتوں پر عمل کرنا چاہیئے:

**1. ماسک پہنیں**
**2. اگر آپ بیمار محسوس کریں تو گھر پر رہیں**
**3. لوگوں کے درمیان '6 کا فاصلہ برقرار رکھیں**
**4. ہاتھوں کو دھوئیں**

## اضافی وسائل

- **چھوٹے کاروبار کی سروسز ہاٹ لائن: 888-SBS-4NYC**

جیسا کہ چھوٹے کاروبار کے مالکان نے دوبارہ کھولنے کی تیاری کی ہے تو شہر نے ان کے سب سے زیادہ پوچھے گئے سوالات کا جواب دینے کے لیے ایک چھوٹے کاروبار کی ہاٹ لائن کا آغاز کر دیا ہے۔ چھوٹے کاروبار کے وکیل اور تعمیل کے مشاورت کاران ہاٹ لائن کی نگرانی کریں گے اور کاروبار کے مالکان کے ساتھ اشتراک کرنے کے لیے انہیں تازہ ترین رہنما اصول اور ضوابط فراہم کیے گئے ہیں۔ ہاٹ لائن تک رسائی کے لیے، 888-SBS-4NYC یا 888-727-4692 ملائیں

کھلے ریستوران کے اکثر پوچھے گئے سوالات

NYC ریستوران دوبارہ کھلنے کی رہنمائی

COVID-19 کے رد عمل میں لائسنس یافتہ پریمسز کی بیرونی جگہ پر توسیع پر ریاست NY کی لیکور اتھارٹی کی رہنمائی

فزیکل اضافوں اور قابل نقل و حمل فرنیچر سمیت ریاست نیو یارک کی ہاٹ اسپاٹ زونز کے دوبارہ کھلنے کے لیے اشیاء کی مارکیٹ پلیس کا آغاز

یہ لنکس `nyc.gov/openrestaurants`

## سائیڈ واک پر بیٹھنے کی سہولت


- بیٹھنے کی جگہ اور میزوں کو لازمی طور پر کاروبار کی دیوار کے ساتھ یا جتنا ممکن ہو اتنا نزدیک ہونا چاہیئے
- پیدل راہگیروں کے لیے لازمی طور پر ایک '8 کا واضح راستہ چھوڑنا چاہیئے
- ساتھ والے کاروبار سے لازمی طور پر کم از کم '3 کا فاصلہ ہونا چاہیئے
- یوٹیلٹی ہارڈ ویئر یا سیامیز پانی کے کنیکشن کو بلاک نہیں کر سکتے
- بس اسٹاپ کی انتظار گاہ کو بلاک نہیں کر سکتے
- صاف راستے کے مقاصد کے تحت، پارکنگ میٹرز، ٹریفک کے اشارے اور فلش گریٹنگز کے ساتھ درختوں کی پٹس (درختوں کے گارڈز کے بغیر) شامل نہیں۔ اوپر کے درجے کے حامل دیگر تمام ڈھانچوں کو رکاوٹیں تصور کیا جاتا ہے

## روڈ وے پر بیٹھنے کی سہولت

**ریسٹورانوں میں لازمی طور پر درج ذیل ہونا چاہیئے:**

- بیٹھنے کی جگہ کو سفر کی لین سے علیحدہ کرنے کے لیے روڈ وے کی بیٹھنے کی جگہ کی تینوں جانب ایک حفاظتی بیریئر بنائیں۔ ایسے بیریئرز، جو کہ روڈ وے پر ہوں، ان کی چوڑائی تینوں جانب سے لازمی طور پر کم از کم "18 اور اونچائی کم از کم "36–30 ہونی چاہیئے (پودوں کے علاوہ)، تاکہ موٹر سائیکل چلانے والوں کو دیکھنے میں آسانی ہو اور مستقل گاہکوں کو تحفظ ملے (نشستوں کی ترتیب کا خاکہ دیکھیں)
  - بیریئرز کی لازمی طور پر ایک مکمل طور پر تعمیر کردہ اندرونی دیوار ہونی چاہیئے اور نچلی جگہ ہونی چاہیئے جس میں بھرا گیا مادہ برقرار رہ سکے
  - تمام تر -18 انچ کے روڈ وے بیریئرز لازمی طور پر مٹی یا ریت سے بھرے ہونے چاہیئں
  - مسلسل منعکس ہونے والی ٹیپ اوپر کے بیرونی کناروں پر شامل کی جانی چاہیئے، اور برف کی اسٹکس کو لازمی طور پر ان دو بیریئرز کے کونوں پر شامل کیا جانا چاہیئے جن کا رخ ٹریفک کی جانب ہو
  - اگر آپ کے پاس پلاسٹک کا پانی سے بھرا بیریئر ہو، تو اسے اپنے بیریئرز کے چھوٹے کنارے کے مخالف سمت رکھ دیں جس کا رخ آنے والی ٹریفک کی جانب ہو۔ جمنے سے بچانے کے لیے اسے پانی سے اور 100 پاؤنڈز کے نمک کے پتھر سے بھرنے کو یقینی بنائیں
- ADA تعمیل کے لیے ایک ریمپ فراہم کریں، جسے غیر مستقل اشیاء سے بنایا جا سکتا ہو
- نشستوں یا بیریئرز کو آگ بجھانے کے پانی کے پمپ سے '15 کے اندر نہ رکھیں۔ ایسا کرنا آپ کے نیو یارک کے ساتھیوں کی آگ سے حفاظت کو خطرے میں ڈال دیتا ہے
- نشستوں یا بیریئرز کو کراس واک کے '8 کے اندر نہ رکھیں، تاکہ ٹریفک بحفاظت موڑ کاٹ سکے اور رش سے گریز کیا جا سکے
- کوئی ایسی لائٹنگ فراہم نہ کریں جس سے گزرنے والی ٹریفک کو نظر نہ آئے
- بس اسٹاپ، بائیک لین، ٹیکسی اسٹینڈ، گاڑی کی شیئر پارکنگ کی جگہ، رنگ کردہ کرب توسیع یا توسیع شدہ سائیڈ واک، متعین کردہ بفر زون (وہ جگہ جہاں سفید نشان لگائے گئے ہیں جو بائیک یا پارکنگ کی لین کو سفر کی لین سے علیحدہ کرتے ہیں)، یا گاڑیوں کے چلنے کی لین کے اندر نشستیں مت رکھیں۔ جن اوقات میں کھڑے نہ ہونا نافذ العمل ہو ان اوقات کے دوران، جب تک کہ تمام بیریئرز، نشستوں، اور ریمپ کو ہٹایا گیا ہو، روڈ وے نشستیں بس لین میں لگائی جا سکتی ہیں۔ کسی منظور شدہ کاروبار کے سامنے کسی فلوٹنگ پارکنگ لین میں روڈ وے پر نشستوں کی ترتیب سیٹ اپ کی جا سکتی ہے۔ براہ کرم اضافی معلومات کے لیے **nycgov/openrestaurants** سے رجوع کریں
- استعمال میں نہ ہونے پر میز اور کرسیوں کو ہٹا دیں یا کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں
- NYC فائر ڈپارٹمنٹ کے کھلے شعلے اور دیگر قابل اطلاق آتش زدگی کے ضوابط کی تعمیل کریں
- ڈھانچے، خیمے یا چھتریاں حق گزر گاہ کی علامات یا سڑک کے ضابطوں کی علامات کو مسدود نہیں کر سکتیں

## NYC کھلے ریسٹوران: نشستوں کا ترتیبی معیار




## بند جگہیں

ریاست نیو یارک کے بیرونی جگہوں پر کھانے کے رہنما اصول عارضی یا مستقل کور لگانے کی اجازت دیتے ہیں (جیسے کہ چھتری، چھت یا خیمہ) جب تک کہ وہ ہوا کی آمد و رفت کے لیے کم از کم دو اطراف سے کھلا ہو۔

— اگر دو (2) یا زائد اطراف کی دیواریں کھلی ہوں، اور کم از کم ایک روڈ وے کے متوازی ہو، تو آپ بیرونی جگہوں پر کھانے کے تمام تر رہنما اصولوں (جیسے کہ میزوں کے درمیان '6 کا فاصلہ، ایک میز پر 10 افراد سے زیادہ نہ بیٹھیں)، یا اگر زونز/مقامی پابندیوں کی جانب سے محدود کردہ ہو، تو کم پر عمل کرتے ہوئے کام کر سکتے ہیں

— اگر تین (3) اطراف یا زائد کی دیواریں زیر استعمال ہیں، تو جگہ کی حد 25 فیصد جگہ تک محدود ہو گی، اور اندرونی جگہوں پر کھانے کے تمام تر رہنما اصولوں پر لازمی طور پر عمل کرنا ہو گا۔ جب اندرونی جگہوں پر کھانے کی اجازت نہ ہو، تو تین (3) اطراف دیواروں کے حامل ڈھانچے کام نہیں کر سکیں گے

- بند جگہیں، جیسے کہ پلاسٹک کے چبوتروں کی، انفرادی پارٹیز کے لیے اجازت ہو گی اور ہوا کے گزر کے لیے لازمی طور پر ہوا کی آمدورفت کا وافر نظام ہونا چاہیئے
- روڈ وے سیٹ اپس کے اندر صرف برقی ہیٹرز کی اجازت ہے

## برفباری

- برفباری کے فعال انتباہ کے دوران، اگر روڈ وے پر کھانے کو معطل کیا گیا تو کھلے ریسٹورانوں کو مطلع کیا جائے گا۔ جب روڈ وے پر کھانے کو معطل کیا گیا ہو:
  — ہو سکتا ہے کہ کھانا کھانے والے روڈ وے سیٹ اپس میں نہیں بیٹھ سکتے۔ براہ کرم کسی بھی میزوں یا کرسیوں کو ہٹائیں یا محفوظ کریں
  — روڈ وے سیٹ اپس سے تمام تر برقی ہیٹرز کو لازمی طور پر ہٹانا چاہیئے
- اگر ممکن ہو، تو کسی بھی اوپر کی کورنگز کو ہٹائیں یا جب تک برفباری کا انتباہ ختم نہ ہو جائے باقاعدگی سے برف کو ہٹاتے رہیں
- اگر "12 یا اس سے زائد کی برفباری کی پیشنگوئی ہو:
  — اپنے روڈ وے کے سیٹ اپس کو ہٹائیں یا مستحکم کریں تاکہ کرب کے ساتھ جتنا ممکن ہو اتنی کم چہل پہل ہو